# Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

**Time: 3 Hrs. Subject: Urdu-B (303) M.M.:80**

## (40) Part-A Reading Comprehension and Grammar MCQ

سوال نمبر1:-درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے ۔ 1x5=5

دو پہر کا وقت آیا۔لکڑ ہارے کو کھانا پکانے کی فکر ہوئی ۔ اِدھر اُدھر سے دو پتھر اٹھا کر چولھا بنایا۔ اُس کے پاس چھوٹی سی ہانڈی تھی ۔آگ سُلگا کر اسے چولھے پر رکھا اور اُس میں آلو اُبلنے کے لیے رکھ دیے ۔ گیلی لکڑی تھی اس لیے آگ بار بار ٹھنڈی ہو جاتی تو لکڑ ہارا منھ سے پھونک کر تیز کر دیتا تھا۔ ''ارے'' بالشتیے نے دور سے دیکھ کر اپنے جی میں کہا ''اب یہ پھر پھونکتا ہے۔کیا اس کے منھ سے آگ نکلتی ہے؟'' لیکن چُپ چاپ بیٹھا دیکھا کیا۔لکڑ ہارے کو بھوک زیادہ لگی تھی ، اس لیے چڑھی ہوئی ہانڈی میں سے ایک آلو جو ابھی پورے طور پر اُبلا بھی نہ تھا، نکال لیا۔اُسے کھانا چاہا تو وہ ایسا گرم تھا جیسے آگ ۔ اس نے مشکل سے اسے اپنی ایک اُنگلی اور انگوٹھے سے دبا کر توڑا اور منھ سے فو فو کر کے پھونکنے لگا۔

(I) پتھروں سے لکڑہارے نے کیا بنایا؟

A. کھلونا

B. چولھا

C. راستہ

D. چکی

(II) لکڑہارے نے ہانڈی میں کیا ابلنے کے لیے رکھا؟

A. چاول

B. آلو

C. پانی

D. دودھ

(III) آگ بار بار ٹھنڈی ہو جاتی تھی کیونکہ۔۔۔

A. ہوا تیز تھی۔

B. بارش ہو رہی تھی۔

C. چولھے میں پانی بھرا تھا۔

D. لکڑیاں گیلی تھیں۔

(IV) کس کو بہت زیادہ بھوک لگی تھی؟

A. پہرے دار کو

B. لکڑہارے کو

C. نوکر کو

D. شکاری کو

(V) لکڑہارے کو کس وقت کھانا پکانے کی فکر ہوئی؟

A. صبح کو

B. شام کو

C. دوپہر کو

D. رات کو

**سوال نمبر2:- درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔** **1x5=5**

ٹیچر نے یہ پوچھا آکر
رات اور دن ہوتے ہیں کیوں کر
اپنی سیٹ سے پپو اٹھا
اور فراٹے سے یوں بولا
یہ سورج اک روشن شے ہے
نارنگی سی گول زمیں ہے
دھرتی اپنی کیل پہ چکر

کھاتی رہتی ہے ہر دم سر
چوبیس گھنٹوں میں اک پھیرا
کرتی ہے یہ دھرتی پورا

(I) کون چوبیس گھنٹے میں ایک پھیرا پورا کرتی ہے؟

A. بس

B. ٹرین

C. زمین

D. چڑیا

(II) ٹیچر کے سوال کا جواب کس نے دیا؟

A. بلو نے

B. سورج نے

C. رات نے

D. پپو نے

(III) بچے نے کسے روشن شے کہا؟

A. چاند کو

B. سورج کو

C. بلب کو

D. جگنو کو

(IV) دھرتی کس چیز پر ہر دم چکر کھاتی رہتی ہے؟

A. اپنی کیل پر

B. سڑک پر

C. چاند پر

D. سورج پر

(V) بچے نے کس کو نارنگی سی گول بتایا؟

A. چاند کو

B. رات کو

C. دن کو

D. دھرتی کو

سوال نمبر 3:۔درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) لفظ 'دشمن' کا متضاد ہے۔

A. مالک

B. امیر

C. دوست

D. غلام

(II) لفظ 'محبت' کا مترادف ہے۔

A. نفرت

B. دوست

C. الفت

D. رقیب

(III) لفظ 'امن' کا متضاد ہے۔

A. جھوٹ

B. سچ

C. موت

D. جنگ

(IV) لفظ 'فتح' کا مترادف ہے۔

A. آزادی

B. آواز

C. جیت

D. خواب

(V) لفظ 'بھلائی' کا متضاد ہے۔

A. اچھائی

B. خوبی

C. برائی

D. درست

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) 'امیر' کی جمع ہے۔

A. آمر

B. امرا

C. امر

D. امیری

(II) 'افواج' کا واحد ہے۔

A. افواجوں

B. فوجی

C. فوج

D. فوجیوں

(III) 'سلاطین' کا واحد ہے۔

A. سلطان

B. سلطانوں

C. سلطنت

D. سلطنتیں

(IV) 'مشکل' کی جمع ہے۔

A. شکل

B. شکیل

C. شکلوں

D. مشکلات

(V) 'خط' کی جمع ہے۔

A. لکیر

B. خطا

C. خطوط

D. خطاؤں

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) 'ہم عید کے دن ملیں گے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(II) 'با' سابقہ والا مرکب لفظ ہے۔

A. بات

B. باوفا

C. باغ

D. بازی گر

(III) 'میں خط لکھ رہا ہوں' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(IV) وہ کام جو گزرے ہوئے وقت میں ہوا ہو، اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فعل حال

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(V) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں، اسے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. ختمہ (۔)

B. سکتہ (،)

C. رابطہ (:)

D. قوسین ( )

سوال نمبر 6:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟

A. آریائی زبان

B. پراکرت

C. تیلگو زبان

D. تمل زبان

(II) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے استاد کا کیا نام تھا؟

A. بھیم راؤ امبیڈکر

B. بھیم راؤ سکپال

C. امبیڈکر

D. بھیم راؤ

(III) ظالم کو ظلم کا کیا بدلہ ملتا ہے؟

A. انعام ملتا ہے

B. عزت ملتی ہے

C. برا انجام ہوتا ہے

D. ثواب ملتا ہے

(IV) بریل کی ایجاد کرنے والے کا کیا نام تھا؟

A. لوئی بریل

B. نیوٹن

C. گراہم بیل

D. ڈارِون

(V) رضیہ سلطان نے کہاں حکومت کی تھی؟

A. نیپال میں

B. ایران میں

C. دلّی میں

D. افغانستان میں

سوال نمبر7:۔نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 1x4=4

(I) صحیح محاورہ ہے۔

A. ایک ہی جھولے کے چٹے بٹے ہونا

B. ایک ہی تھیلی کے سکے ہونا

C. ایک ہی تھیلی کے بٹے ہونا

D. ایک ہی تھ یلی کے چٹے بٹے ہونا

(II)ہتھیار ڈالنا کا مطلب ہے۔

A. شکست تسلیم کرنا

B. جنگ میں جانا

C. ہتھیار خریدنا

D. میدان مارنا

(III) موت کے۔۔۔۔۔۔(محاورہ مکمل کیجیے۔)

A. پارا تارنا

B. پاراترنا

C. گھاٹ ا تارنا

D. پارلے جانا

(IV)'پاؤں اکھڑنا'کا مطلب ہے۔

A. پاؤں ٹوٹ جانا

B. حوصلہ ہار جانا

C. میدان مارنا

D. فتح حاصل کرنا

**سوال نمبر 8:-درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔** 1x5=5

رگھوپت سنگھ کو پکڑنے کو اکبر بادشاہ نے بہت سی فوج بھیجی مگر وہ کسی کے ہاتھ نہ آیا۔ پھر بادشاہ نے اس کے گھر پر پہرہ بٹھا دیا۔ اکبر کا خیال تھا کہ کسی دن رگھوپت سنگھ اپنے بال بچّے سے ملنے کو ضرور گھر آئے گا۔ بس اسی دن سپاہی اس کو پکڑ لیں گے۔ ادھر کسی نے رگھوپت سنگھ کو خبر کر دی کہ تیرا بیٹا گھڑی دو گھڑی کا مہمان ہے، چل کر اُسے دیکھ لے۔

یہ سن کر رگھوپت سنگھ بہت گھبرایا۔ سورج ڈوب رہا تھا۔ جنگل میں سفر کرنے کا وقت تو نہیں تھا مگر رگھوپت نے سوچا کہ ''اگر میں نے ذرا بھی دیر کی تو شاید میں لڑکے کی صورت بھی نہ دیکھ سکوں۔ اسی وقت چلنا چاہیے۔'' رگھوپت سنگھ اسی وقت چلنے کو تیار ہو گیا۔ جب رگھوپت سنگھ گھر پہنچا تو دروازے پر اکبر بادشاہ کے سپاہیوں میں سے ایک پہرہ دار نے کہا ''بادشاہ کا حکم ہے کہ تم جہاں ملو، پکڑ لیے جاؤ''۔ رگھوپت سنگھ نے کہا ''میرا لڑکا مر رہا ہے، اسے دیکھنے آیا ہوں، ذرا دیر کے لیے مجھے اندر چلا جانے دو، ابھی دیکھ کر لوٹ آتا ہوں۔ اس وقت جو جی چاہے کر لینا۔ میں راجپوت ہوں، جھوٹ ہرگز نہ بولوں گا۔''

(1) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس

C. پانی کی آلودگی

D. نئی روشنی

(II) رگھوپت سنگھ کو پکڑنے کے لیے کس نے فوج بھیجی تھی؟

A. اکبر بادشاہ نے

B. لیفٹیننٹ نے

C. انگریز افسر نے

D. جیلر نے

(III) کس نے کہا کہ 'میرا لڑکا مر رہا ہے، اسے دیکھنے آیا ہوں'؟

A. سپاہی نے

B. پہرے دار نے

C. راجپوتوں نے

D. رگھوپت سنگھ نے

(IV) کس نے کہا کہ میں راجپوت ہوں، جھوٹ ہر گز نہ بولوں گا؟

A. رام سنگھ نے

B. رگھوپت سنگھ نے

C. سپاہی نے

D. پہرے دار نے

(V) رگھوپت سنگھ سے یہ کس نے کہا کہ بادشاہ نے کہا ہے کہ تم جہاں ملو پکڑ لیے جاؤ؟

A. پہرے دار نے

B. فوجی نے

C. راناپرتاپ نے

D. وکیل نے

## یا

یہ بتانا کٹھن ہے کہ پانچ ہزار برس پہلے یہاں کون لوگ بستے تھے۔مگر اب بہت سے لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ اِس زمانے سے یہاں دؤر دؤر کے لوگ آنے لگے۔ اتنا سمجھ لینا کچھ مشکل نہیں ہے کہ پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ وحشیوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے اور کھانے پینے کی کھوج میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے۔ جانوروں کا شکار کرتے تھے یا درختوں کے پھل، پتّے اور جڑ کھا کر پیٹ بھرتے تھے۔ اِن میں کے کچھ لوگ یہاں بھی پہنچے۔ اُن کی نسل کے لوگ اب بھی بنگال، بہار، چھوٹا ناگپور اور وندھیاچل کے پہاڑوں کے قریب پائے جاتے ہیں۔ وہ جو زبان بولتے تھے وہ آج بھی الگ ہے۔ ان میں سے کول اور منڈا قبیلے مشہور ہیں اور اپنی بولیاں بولتے ہیں (یہ بات یاد رکھنا چاہیے کہ دنیا میں کوئی قوم ایسی نہیں ہے جو کوئی بولی بولتی نہ ہو۔ یہی بات تمام انسانوں میں ملتی ہے)۔ اُن کے ہزار ڈیڑھ ہزار برس کے بعد دراوڑ لوگ پچھّم کی طرف سے آئے ، وہ لوگ جنھیں دراوڑ کہا جاتا ہے۔ یہاں انھوں نے خوب ترقّی کی، آج بھی مدراس ، میسور ، آندھرا پردیش اور کیرل میں یہی لوگ آباد ہیں ۔تم نے تامل، تیلگو زبانوں کے نام سنے ہوں گے۔ یہ اُنھیں لوگوں کی زبانیں ہیں۔

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس

C. زبانوں کا گھر ہندوستان

D. نئی روشنی

(II) پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ کس کی طرح زندگی بسر کرتے تھے؟

A. وحشیوں کی طرح

B. راجاؤں کی طرح

C. کھلاڑیوں کی طرح

D. کسانوں کی طرح

(III) جنھیں دراوڑ کہا جاتا ہے وہ کس طرف سے آئے تھے؟

A. مشرق کی طرف سے

B. شمال کی طرف سے

C. جنوب کی طرف سے

D. پچھم کی طرف سے

(IV) تامل اور تیلگو کس کی زبانیں ہیں؟

A. دراوڑوں کی

B. ایرانیوں کی

C. آریوں کی

D. کشمیریوں کی

(V) کس کی کھوج میں لوگ چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے؟

A. محل کی

B. شہر کی

C. کھانے پینے کی

D. لکڑیوں کی

سوال نمبر9:-درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے درست جواب تلاش کر لکھیے۔ 1x5=5

تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا
کیسی زمیں بنائی، کیا آسماں بنایا
مٹّی سے بیل بوٹے، کیا خوش نُما اُگائے
پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی، روشنی بھی
کیا خوب چشمہ تونے، اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی
قدرت نے تیری اِن کو تسبیح خواں بنایا
رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسّر
ان نعمتوں کا مجھ کو ہے قدرداں بنایا

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ
B. اسمٰعیل میرٹھی
C. ساحرؔ لدھیانوی
D. غالبؔ

(II) خدا نے کس چیز سے خوش نما بیل بوٹے اگائے ہیں؟

A. ریت سے
B. پتھر سے
C. سمندر سے
D. مِٹّی سے

(III) کس کی قدرت نے چڑیوں کو تسبیح خواں بنایا ہے۔

A. انسان کی
B. باغبان کی
C. خدا کی
D. بادشاہ کی

(IV) ہم گرمی اور روشنی کہاں سے پاتے ہیں؟

A. چاند سے

B. چراغ سے

C. بلب سے

D. سورج سے

(V) خدا نے سبز خلعت پہنا کر کس کو جوان بنایا ہے؟

A. سبز پری کو

B. سمندر کو

C. بیل بوٹوں کو

D. ریگستان کو

**یا**

**(1)**

رُتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے — وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی — جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

**(2)**

دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی — ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی
جو آکے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا — جو جاکے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

(I) درج بالا رباعیات کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. اسمٰعیل میرٹھی

C. ساحرؔ لدھیانوی

D. غالبؔ

(II) کون لوگ اپنی ثنا خود کرتے ہیں؟

A. عقل والے

B. وکیل

C. تہی مغز والے

D. سیاست داں

(III) شاعر نے سرائے فانی کسے کہا ہے؟

A. وطن کو

B. محل کو

C. جھوپڑی کو

D. دنیا کو

(IV) شاعر نے کہاں کی ہر چیز کو آنی جانی کہا ہے؟

A. دنیا کی

B. اسکول کی

C. بازار کی

D. اسٹیشن کی

(V) 'صدا' کا کیا مطلب ہے؟

A. ہمیشہ

B. آواز

C. سزا

D. خوشی

## (40) Part-B Writing Skill

**سوال نمبر10 :۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** 2x4=8

I. اونتی کس طرح کا شخص تھا؟

II. نابینالوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟

III. رکن الدین کس کا بیٹا تھا، اُسے کس نے مارا؟

IV. جب ہمارا ملک آزاد ہوا تو اس کا دستور بنانے کی ذمہ داری کسے سونپی گئی؟

V. سعادت علی کیسا آدمی تھا؟

VI. پانی حاصل کرنے کے قدرتی ذریعے کون کون سے ہیں؟

**سوال نمبر11 :۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔** 3x2=6

I. چڑیاں خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہیں؟

II. ''روح تعمیر'' کے زخم کھانے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

III. تخت نشینی کے بعد رضیہ سلطان نے کیا عہد کیا؟

IV. لائی حیات، آئے، قضا لے چلی، چلے
اپنی خوشی نہ آئے، نہ اپنی خوشی چلے

درج بالا شعر میں شاعر کیا بات کہنا چاہتا ہے؟

**سوال نمبر12 :۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔** 6

I. حصولِ تعلیم میں ٹیکنالوجی کا کردار

II. پسندیدہ تہوار

III. کھیل کی اہمیت

IV. یوم آزادی

V. اسکول کا سالانہ جلسہ

سوال نمبر 13:۔اسکول کے باہر فروخت ہو رہی نقصاندہ چیزوں پر پابندی کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

لاک ڈاؤن کے تجربات کا ذکر کرتے ہوئے اپنے دوست کو ایک خط لکھیے۔

سوال نمبر 14:۔اپنے کسی سفر کے بارے میں تفصیل سے لکھیے۔ 5

**یا**

اپنے سامنے پیش آنے والے کسی واقعے پر تفصیل سے لکھیے۔

**سوال نمبر 15:۔ درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** 5

I. نئی روشنی

II. اونتی

III. کارتوس

**سوال نمبر 16:۔ درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھیے۔** 5

I. نیکی اور بدی

II. پہاڑ اور گلہری

III. اے شریف انسانو!